شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

15 دسمبر 2023ء

پریس ریلیز

ناجائز صیہونی ریاست اسرائیل کو کسی صورت تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): ناجائز صیہونی ریاست اسرائیل کو کسی صورت تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ نگران وزیر اعظم پاکستان کے ایک نجی ٹی وی پر انٹرویو میں دیے گئے اس بیان پر کہ اسرائیل کے حوالے سے بانی پاکستان قائدِاعظم کا موقف حرف آخر نہیں اور اس میں زمینی حقائق کے مطابق تبدیلی کی جاسکتی ہے، اُنہوں نے افسوس اور حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کیا مملکتِ خدادادِ پاکستان کے وزیرِاعظم کو معلوم نہیں کہ پاکستان کا اسرائیل کو تسلیم نہ کرنا نہ صرف ہماری سیاسی پالیسی کا حصہ ہے بلکہ دینی تعلیمات کا لازمی جزو ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صیہونی ریاست کی اعلیٰ قیادت آغاز سے ہی پاکستان کو اپنا اصل مدِمقابل اور حریف قرار دے رہی ہے۔ لہٰذا ہمیں بھی اِس حقیقت کا ادراک ہونا چاہیے کہ اسرائیل اسلامی ایٹمی پاکستان کو نقصان پہنچانے کے لیے ہر حربہ استعمال کرے گا۔ اُنہوں نے غزہ پر مسلسل وحشیانہ اسرائیلی بمباری پر روس کی جانب سے اقوام متحدہ کانفرنس بلانے کے مطالبے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اقوامِ متحدہ درحقیقت عالمی استعمار کی باندی ہے اور سیکورٹی کونسل میں غزہ میں جنگ بندی کی تمام کوششوں کو امریکہ ویٹو کر چکا ہے۔ لہٰذا اسرائیل کو فلسطینی مسلمانوں کی نسل کُشی سے روکنے کے لیے کسی کانفرنس کی نہیں بلکہ عملی اقدامات اُٹھانے کی ضرورت ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ مسجدِ اقصیٰ کی حرمت اور اسرائیل کی درندگی کے خلاف غزہ کے مسلمانوں سے اظہارِ یکجہتی کے لیے تنظیم اسلامی 15 دسمبر تا 25 دسمبر 2023ء ”حرمتِ مسجدِ اقصیٰ اور ہماری ذمہ داری“ کے عنوان سے ایک ملک گیر مہم کا انعقاد کر رہی ہے۔ اُنہوں نے عوام الناس اور میڈیا سے اپیل کی کہ اس دینی فریضہ کی ادائیگی میں تنظیم اسلامی کا بھرپور ساتھ دیں تاکہ پاکستان اور امتِ مسلمہ کے دیگر ممالک کے حکمرانوں اور مقتدر طبقات کو مسلمانانِ فلسطین کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرنے پر آمادہ کیا جا سکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 15 December 2023

"The Zionist state of Israel cannot be recognized under any circumstances."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The Zionist state of Israel cannot be recognized under any circumstances."

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. While expressing shock and dismay over the statement given by the caretaker prime minister of Pakistan in an interview on a private TV channel, that the views of Quaid e Azam regarding Israel were not irrevocable and that position of the country can be changed based on ground realities, the Ameer inquired that has the prime minister of the Islamic Republic of Pakistan forgotten that not only is not recognizing Israel part of our political policy, but it is also an essential aspect of our religious teachings. The reality is that the leadership of the Zionist state has considered Pakistan as its original adversary and enemy since its inception. Therefore, we must also realize the fact that Israel will use every means to harm Islamic nuclear Pakistan. While commenting on Russia's demand for a United Nations conference in the backdrop of the continuous brutal Israeli bombings on Gaza, the Ameer said that the United Nations is, in fact, a tool of global imperialism, and the US has already vetoed all efforts for a ceasefire in Gaza in the Security Council. Therefore, to prevent the genocide of Palestinian Muslims by Israel, practical actions are needed rather than relying on any conference. The Ameer of Tanzeem e Islami announced that Tanzeem e Islami is organizing a nationwide campaign titled "Sanctity of Al-Aqsa and Our Responsibility" from December 15 to December 25, 2023, to resound the sanctity of Al-Aqsa Mosque and express solidarity with the Muslims of Gaza against the brutality of Israel. He appealed to the general public and the media to fully support Tanzeem e Islami in fulfilling this religious duty so that the rulers and establishments of Pakistan and other Muslim countries could be urged to take practical steps for the protection of Muslims in Palestine.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan